P-633

Roll No. of the Student						

Paper Code ① ● ⑧

Serial No. Of the Answer Book: ____________

مطالعہ پاکستان جماعت (نہم)

SSC-9th-Swat-2026

وقت: 15 منٹ نمبر: 10

ہدایات:

(1) حصہ (الف) کے تمام اجزا حل کریں۔ ہر سوال کیساتھ چار جوابات دئے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک جواب درست ہے۔ آپ نے درست جواب کے دائرے کو سامنے دئے گئے طریقے ● سے OMR شیٹ میں مکمل سیاہ کرنا ہے۔

(2) دائروں کو (شیڈ) بھرنے کیلئے نیلے یا کالے پن کا استعمال کریں۔ (3) جواب میں ایک سے زیادہ دائرے بھرنے سے جواب غلط تصور ہوگا۔

حصہ الف

1. I. پاکستان کی چوڑائی ہے تقریباً:

Ⓐ 865 کلومیٹر Ⓑ 875 کلومیٹر ● 885 کلومیٹر Ⓓ 895 کلومیٹر

ii. پاکستان کے قدرتی خطوں کی کل تعداد ہے:

Ⓐ 3 Ⓑ 4 Ⓒ 5 ● 6

iii. سیم و تھور میں تھور سے مراد ہے:

Ⓐ زمین کا کٹاؤ ● زمین میں نمکیات کا جمع ہونا Ⓒ زمین میں پانی کی کمی Ⓓ زیر زمین پانی کی سطح بلند ہونا

IV. پاک بھارت نہری تنازعہ سے پاکستان کے کس صوبے کی فصلوں کو شدید نقصان پہنچا؟

Ⓐ پنجاب ● سندھ Ⓒ خیبر پختونخوا Ⓓ بلوچستان

V. 11 ستمبر 1948ء یوم وفات ہے:

Ⓐ لیاقت علی خان کا ● علامہ اقبال کا Ⓒ محمد علی جناح کا Ⓓ سر آغا خان کا

vi. مسلم فیملی لاء آرڈیننس جاری کیا گیا:

Ⓐ 1958ء میں Ⓑ 1959ء میں Ⓒ 1960ء میں ● 1961ء میں

vii. برصغیر کے مسلمانوں کا مقصد ہندو اکثریت کے غلبے سے بچنا تھا۔ اس لحاظ سے نظریہ پاکستان تھا:

Ⓐ اقتصادی نظریہ ● مذہبی نظریہ Ⓒ سیاسی نظریہ Ⓓ تجارتی نظریہ

viii. علامہ اقبال نے اپنا مشہور خطبہ 1930ء کو دیا:

Ⓐ دہلی میں Ⓑ لاہور میں ● الہ آباد میں Ⓓ لکھنؤ میں

IX. کانگرس پارٹی کے ایک بڑے رہنما راج گوپال اچاریہ کا تعلق تھا:

● مدراس سے Ⓑ دہلی سے Ⓒ ممبئی سے Ⓓ کلکتہ سے

X. ہندوستان کی مرکزی اسمبلی کے لیے انتخابات منعقد ہوئے:

Ⓐ دسمبر 1943ء میں Ⓑ دسمبر 1944ء میں Ⓒ دسمبر 1945ء میں Ⓓ دسمبر 1946ء میں

tayarri.com

P-634 92601

مطالعہ پاکستان (نہم)

SSC-9th-Swat-2026

نوٹ: حصہ ب اور حصہ ج کے لیے کل وقت 1 گھنٹہ اور 45 منٹ ہیں۔

حصہ "ب"

نمبر: 24

II. مندرجہ ذیل اجزاء میں سے کسی (6) کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. نظریہ پاکستان کی بنیاد کیا ہے؟ نظریہ پاکستان کے تین اہم اجزائے ترکیبی کی وضاحت کریں۔

ii. تین نکات بیان کریں کہ کن حالات نے انگریزوں کو ہندوستان میں قدم جمانے کا موقع دیا؟ نیز کس وجہ سے انگریزوں نے ہندوستان پر برتری حاصل کی؟

iii. لارڈ ویول نے کس مشن سے مشورہ کرنے کے بعد عبوری حکومت کے لیے نمائندوں کا اعلان کیا؟ نیز عبوری حکومت کے لیے کانگریس، مسلم لیگ اور اقلیتوں کے کتنے کتنے نمائندے لینے کا کہا گیا؟

iv. پاکستان کتنے درجے عرض بلد شمالی اور کتنے درجے طول بلد مشرقی کے درمیان پھیلا ہوا ہے؟

v. دریائے سندھ کے میدانی جنگلات میں پائے جانے والے دو اہم حیوانات کے نام بتائیں۔ نیز جنگلی حیات میں کمی کی دو اہم وجوہات تحریر کریں۔

vi. چار اہم قدرتی آفات پر مختصر روشنی ڈالیں۔

vii. 1956ء کے آئین کے تحت ووٹ دینے کا حق دار کسے قرار دیا گیا؟ نیز مذکورہ آئین کی تین اہم اسلامی دفعات قلمبند کریں۔

viii. پاکستان میں پہلا مارشل لاء کب نافذ کیا گیا؟ نیز اس مارشل لاء کے نفاذ کے تین اہم اسباب بیان کریں۔

حصہ "ج"

نمبر: 16

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف (2) کے جوابات تحریر کریں۔ تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

III. کابینہ مشن ہندوستان کب آیا اور اس میں کتنے وزراء شامل تھے؟ کابینہ مشن کے تجویز کردہ صوبوں کے تین گروپوں کا تفصیلی جائزہ پیش کریں۔

IV. پاکستان میں پائے جانے والے بلند پہاڑوں کے جنگلات، پہاڑی نیم خشک جنگلات، بیلے کے جنگلات اور ساحلی جنگلات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مفصل نوٹ لکھیں۔

V. جنرل یحییٰ خان کے پیش کردہ آئینی فارمولا (LFO) کے پانچ اہم نکات تفصیلاً تحریر کریں۔ اس فارمولا کے تحت قومی اسمبلی کی کل کتنی نشستیں مقرر کی گئیں؟ نیز قومی اسمبلی میں مشرقی پاکستان کی کل نشستوں اور عام نشستوں کی کیا تعداد مقرر کی گئی؟